41806-اس کا دودھ پیتا بچہ ہے تو کیا اس پر حج واجب ہے ؟

سوال

جب عورت کے بچے چھوٹے ہوں، اور ان میں ایک بچہ شیر خوار بھی ہو اس کے لیے اسے حج پر اپنے ساتھ لے جانا مشکل ہے، تو کیا اس حالت میں اس پر حج فرض ہوتا ہے یا کہ وہ اس کی وجہ سے حج کو مؤخر کر دے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

اس حالت میں عورت کے لیے حج کو آئندہ برس تک مؤخر کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ بہت علماء کرام کا کہنا ہے کہ :

حج فوری طور پر واجب نہیں ہوتا، اور انسان استطاعت ہونے کے باوجود اس میں تاخیر کر سکتا ہے.

دوم :

یہ عورت اپنے بچے کا خیال رکھنے کے لیے وہیں رہنے کی محتاج ہے، اور اس عورت کا اولاد کی دیکھ بھال کرنے میں خیر عظیم ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

" عورت اپنے خاوند کے گھر کی ذمہ دار ہے اور اس سے اس کی رعایا کے متعلق سوال ہو گا "

اس لیے میں کہتا ہوں : وہ آئندہ برس تک انتظار کرے حتی کہ اللہ تعالی اس کے معاملہ میں آسانی پیدا فرما دے، اور خیر و بھلائی اس کے مقدر میں کر دے. انتہی